CCRB کا نسلی پروفائلنگ اور تعصب پر مبنی پولیسنگ کی تفتیش کا یونٹ

سویلین کمپلینٹ ریویو بورڈ (CCRB) ایک نیو یارک شہر کی ایجنسی ہے جو نیو یارک شہر کے محکمۂ پولیس کے ارکان کے غلط رویے کے متعلق شہریوں کی شکایات کی تفتیش، اور ثالثی کرتی ہے اور اس متعلق افسران پر مقدمات چلاتی ہے۔ ہم آزاد اور غیر جانبدار ہیں۔ ہم NYPD کا حصہ نہیں ہیں۔

نسلی پروفائلنگ اور تعصب پر مبنی پولیسنگ کیا ہے؟

نسلی پروفائلنگ تب ہوتی ہے جب کوئی NYPD افسر آپ کی اصل یا سمجھی گئی نسل، قومیت، آبائی ملک یا رنگت کی وجہ سے آپ کے خلاف قانونی کاروائی کرتا ہے (جیسا کہ گاڑی کو یا پیدل روک لینا، گرفتاری، عدالت میں بلانا، تلاشی، جگہ سے ہٹنے کا آرڈر وغیرہ)۔ تعصب پر مبنی پولیسنگ تب ہوتی ہے جب کوئی NYPD افسر آپ کے مذہب، عمر، ترک وطن یا شہریت کی حیثیت، صنف/صنفی شناخت، جنسی رجحان، معذوری یا رہائشی حیثیت کے باعث آپ کے خلاف قانونی کاروائی کرتا ہے۔

نسلی پروفائلنگ اور تعصب پر مبنی پولیسنگ کا یونٹ کیا ہے؟

مقامی قانون 47 (2021) نے CCRB کے "اتھارٹی کے غلط استعمال" کے دائرہ کار میں نسلی پروفائلنگ اور تعصب پر مبنی پولیسنگ شامل کی، یعنی اب CCRB کو NYPD کے ارکان کی جانب سے مبینہ امتیازی رویے کے متعلق شہریوں کی شکایات کی تفتیش کی اہلیت حاصل ہے (پہلے ان تمام شکایات کی تفتیش NYPD کے ذریعے ہی اندرونی طور پر کی جاتی تھی)۔ ان شکایات کی تفتیش کے لئے CCRB نے ایک نیا تفتیشی یونٹ، یعنی نسلی پروفائلنگ اور تعصب پر مبنی پولیسنگ کا یونٹ ("RPBP" یونٹ) بنایا ہے۔ RPBP یونٹ وکلاء، تفتیش کاروں اور ڈیٹا سائنس دانوں پر مشتمل ہے جو مل کر نسلی پروفائلنگ اور تعصب پر مبنی پولیسنگ کے دعووں کی تفتیش کرتے ہیں۔

پروفائلنگ/تعصب پر مبنی پولیسنگ کی مثالیں:

- پگڑی پہننے والے ایک شہری کو رکنے کی علامت پر صرف گاڑی ہلکی کرنے کے باعث روک لیا جاتا ہے۔ دیگر اکثر ڈرائیور جنہوں نے پگڑی نہیں پہنی اور رکنے کی علامت پر صرف رفتار کم رہے ہیں، انہیں NYPD نہیں روکتا۔ اسکول کی چھٹی کے بعد NYPD کے افسران مڈل
- اسکول کے سیاہ فام طلبہ کو علاقے سے نکل جانے کو کہتے ہیں۔ اسی اسکول کے سفید فام طلبہ کو علاقے میں رہنے کی اجازت دی جاتی ہے۔
- ہفتے کی رات کو ایک کونے میں کھڑی دو خواتین اپنے موبائل دیکھ رہی ہیں۔ پہلی مخنث خاتون کو افسران روک لیتے ہیں، اس کی سرگرمیوں کے بارے میں پوچھتے ہیں اور شناخت طلب کرتے ہیں۔ دوسری خاتون جو حیاتیاتی طور پر خاتون نظر آتی ہے، اسے نہ روکا جاتا ہے، نہ سوال کیا جاتا ہے، نہ شناخت طلب کی جاتی ہے۔
- رات گئے ایک سب وے کار میں NYPD افسران ایک ایسے سوتے ہوئے آدمی کو نکال دیتے ہیں، جو دیکھنے میں بےگھر معلوم ہوتا ہے، اور اسے سمن جاری کرتے ہیں، جبکہ اسی گاڑی میں سونے والے دیگر دو آدمی جو دیکھنے میں بےگھر معلوم نہیں ہوتے، انہیں ٹرین میں رہنے کی اجازت دی جاتی ہے۔
- دو افسران رات کو تقریباً 2 بجے سائیڈ واک پر چہل قدمی کرتے ہوئے تین لاطینی نوجوانوں کو روک لیتے ہیں، ان سے پوچھتے ہیں کہ کیا ان کے پاس اسلحہ ہے اور ان کے لباس کی تلاشی لیتے ہیں۔ جب وہ پوچھتے ہیں کہ انہیں کیوں روکا گیا تو افسران وضاحت کرتے ہیں کہ حال ہی میں اس علاقے میں 20 کی دہائی کے لاطینی مردوں نے کئی مرتبہ گولیاں چلائی ہیں اور تین نوجوانوں کا رات کے اس پہر آوارہ گردی کرنے کا کوئی جواز نہیں بنتا۔

شکایت درج کروائیں

کئی طریقے موجود ہیں: آپ ہمیں 1-800-341-2272 (CCRB) یا 311 پر کال کر سکتے ہیں؛ www.nyc.gov/ccrbcomplaint پر آن لائن جا سکتے ہیں یا 100 Church Street, 10th Fl New York 10007 پر ہمارے دفتر آ سکتے ہیں۔ خواہ آپ کسی بھی طرح شکایت درج کروائیں، براہ مہربانی موجودہ فون نمبر، ای میل ایڈریس یا ڈاک کا پتہ فراہم کریں تاکہ ہم آپ سے رابطہ کر کے براہ راست بیان لینے کا وقت طے کر سکیں۔ مزید جاننے کے لئے

- nyc.gov/ccrb ملاحظہ کریں۔
- اپنی کمیونٹی میں CCRB کے متعلق پریزنٹیشن کی درخواست کرنے کے لئے outreach@ccrb.nyc.gov کو ای میل کریں۔
- ہمارے ماہانہ بورڈ کی میٹنگز میں شرکت کریں جہاں آپ پولیس اور کمیونٹی کے تعلقات کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کر سکتے ہیں۔